لغت کبیر اُردو جلد اوّل | مؤلف :- بابائے اُردو مولوی عبدالحق مرحوم - ناشر : انجمن ترقیٔ اردو - بابائے اردو روڈ - کراچی ۱ - صفحات : ۶۲۰ - طباعت : ٹائپ - قیمت : پندرہ روپے صرف

بابائے اردو مولوی عبدالحق مرحوم کی پوری زندگی اردو زبان وادب کی ترویج واشاعت میں گزری- انہوں نے انجمن ترقی اردو کے سیکرٹری کی حیثیت سے کئی ایسے کام کئے جن سے ان کی یاد ہمیشہ تازہ رہے گی - جن دنوں مولوی مرحوم، جامعہ عثمانیہ سے منسلک تھے - حکومت حیدرآباد کی مالی امداد سے ایک مثالی اُردو لغت کی ترتیب وتدوین کا کام شروع کیا تھا - مولوی مرحوم جس کام کو شروع کرتے تھے اس میں بے مثال لگن اور دلچسپی رکھتے تھے - جامعہ عثمانیہ سے تعلق منقطع ہونے کے باوجود لغت کا کام جاری رہا - تقسیم ہند سے پہلے لغت طباعت کے مراحل میں تھا - تقسیم ہند کے فرقہ وارانہ فسادات کے دوران میں انجمن کے مرکزی دفتر دہلی میں آگ لگائی گئی - اور یہ عظیم منصوبہ پایۂ تکمیل کو نہ پہنچ سکا - ان حالات میں مولوی مرحوم لغت کا کچھ مسودہ کراچی منتقل کرنے میں کامیاب ہوگئے اور از سرِ نو اس منصوبے کی تکمیل میں مصروف ہوگئے مگر قدرت کو منظور نہ تھا کہ وہ خود اس کام کو مکمل کر سکتے -

انجمن کے پاس " الف ممدودہ ، الف مقصورہ ، ب اور بھ " پر مکمل مواد موجود ہے - زیرِ نظر جلد اوّل " الف ممدودہ " کے لفظ " آگ " تک اردو زبان کے جملہ الفاظ ومحاورات پر مشتمل ہے -

اُردو لغات اور لغت نویسی کے موضوع پر مولوی مرحوم کا چالیس صفحات پر محیط پُر مغز مقدمہ شاملِ کتاب ہے - جو بذاتِ خود ایک تحقیقی مقالہ ہے - مولوی مرحوم کی یہ کوشش بوجوہ دوسرے لغات سے ممتاز ہے - مثال کے طور پر :

۱ - لغت میں ولی دکنی کے دور سے لیکر اس وقت تک کے جملہ مستعمل الفاظ کا احاطہ کیا گیا ہے -

۲ - لغت میں اس بات کا اہتمام کیا گیا ہے کہ کوئی لفظ مفرد یا مرکب یا نادرالاستعمال محاورہ ، مثل ، علمی یا فنی اصطلاح چھوٹنے نہ پائے - دوسری زبانوں کے مفرد یا مرکب الفاظ جو اردو میں رائج ہیں یا رائج رہے ہیں - لغت میں درج کئے گئے ہیں -

۳ - مفرد یا مرکب لفظ کے جملہ معانی کا دقتِ نظری سے احاطہ کیا گیا ہے - اور ہر معنی کی سند اردو زبان کی مستند کتابوں سے دی گئی ہے -

۴ - ہر لفظ کی مختلف شکلیں دی گئی ہیں -

۵ - اعراب کے ضبط میں جستجو اور کاوش سے کام لیا گیا ہے -